## سوال

(346) منگنی کی انگوٹھی

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس انگوٹھی کے پہننے کے بارے میں کیا حکم ہے 'جو منگنی کرنے والے کے دائیں ہاتھ اور شادی کرنے والے کے بائیں ہاتھ میں پہنائی جاتی ہے اور یہ سونے کہ نہ ہو؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شریعت میں اس عمل کی کوئی اصل نہیں ہے لہذا افضل یہ ہے کہ اس رسم کو ترک کردیا جائے خواہ یہ انگوٹھی سونے کی ہو یا چاندی کی۔ہاں اگر یہ انگوٹھی سونے کی ہو تو پھر یہ مردوں کےلیے حرام ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے ''مردوں کو سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

**ج4ص272**

محدث فتویٰ